# باب 5: پاکستان کا نظامِ تعلیم

pakcity.org

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. انگریزی لفظ ایجوکیشن کا معنی ہے:

Ⓐ نشوونما کرنا  Ⓑ سیکھنا  Ⓒ پرکھنا  Ⓓ آگے بڑھنا

2. پاکستان میں تعلیم کے مدارج ہیں:

Ⓐ دو  Ⓑ تین  Ⓒ چار  Ⓓ پانچ

3. ملک میں صنعتی ترقی کی بنیادی حیثیت رکھتی ہے:

Ⓐ سائنس کی تعلیم  Ⓑ انجینئرنگ کی تعلیم  Ⓒ بزنس اور کامرس کی تعلیم  Ⓓ مذہبی تعلیم

4. ایلیمنٹری تعلیم کا دورانیہ ہے:

Ⓐ 6 سال  Ⓑ 7 سال  Ⓒ 8 سال  Ⓓ 9 سال

5. اعلیٰ ثانوی تعلیم کا دوسرا نام ہے:

Ⓐ گریجویشن  Ⓑ انٹرمیڈیٹ  Ⓒ پوسٹ گریجوایشن  Ⓓ پروفیشنل

6. ابتدائی تعلیم سے اعلیٰ تعلیم تک مفت تعلیم کی فراہمی کی جاتی ہے:

Ⓐ سرکاری اداروں میں  Ⓑ نجی اداروں میں  Ⓒ دینی مدارس میں  Ⓓ صنعتی تعلیمی اداروں میں

7. سکینڈری تعلیم کا دورانیہ ہے:

Ⓐ دو سال  Ⓑ تین سال  Ⓒ چار سال  Ⓓ پانچ سال

8. انٹرمیڈیٹ کے بعد ایل ایل بی کرنے میں جتنے سال لگتے ہیں:

Ⓐ دو  Ⓑ تین  Ⓒ چار  Ⓓ پانچ

www.pakcity.org

9. علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا طریقہ تدارس ہے:

(A) غیر رسمی (B) فاصلاتی (C) پیچیدہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

pakcity.org

10. انسان کو معاشرتی حیوان سمجھتا تھا:

(A) ارسطو (B) سقراط (C) بقراط (D) افلاطون

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

pakcity.org

# باب 5: پاکستان کا نظام تعلیم

## مشقی مختصر جوابی سوالات

سوال 1: پاکستان میں تعلیم کے کوئی سے چار مقاصد بیان کریں۔

جواب: پاکستان میں تعلیم کے کوئی سے چار مقاصد درج ذیل ہیں۔

(i) اسلامی نظریہ حیات سے آگاہی
(ii) معاشرے کے اصلاح کا ذریعہ
(iii) قومی ثقافتی ورثے کی حفاظت و منتقلی
(iv) اخلاق و کردار کی تعمیر
(v) تسخیر کائنات کا ذریعہ
(vi) اعلیٰ درجے کا شہری بنانا

سوال 2: پیشہ ورانہ تعلیم اور عام تعلیم میں فرق بیان کریں۔

جواب: پروفیشنل یا پیشہ ورانہ تعلیم کا مفہوم:

پروفیشنل یا پیشہ ورانہ تعلیم سے ایسی تعلیم مراد لی جاتی ہے جس کے اصول کے بعد لوگ مختلف پیشے اختیار کر کے اپنی روزی کمانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

عام تعلیم کا مفہوم:

"عام تعلیم سے مراد ایسی تعلیم ہے جس کا اہتمام اسکولوں، کالجوں اور دوسرے تعلیمی اداروں میں کیا جاتا ہے۔ لیکن ایسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد کوئی شخص کسی شعبے کا ماہر نہیں بنتا"۔

سوال 3: غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: "ایسی تعلیم جو باقاعدہ نصاب مقاصد تعلیمی اداروں میں جائے بغیر خاندان معاشرے، گلی، محلوں، بازاروں، دوستوں اور مساجد وغیرہ سے حاصل کی جائے۔ اسے غیر رسمی تعلیم کہا جاتا ہے۔"

سوال 4: تعلیم کا مفہوم لکھیں۔ یا تعلیم کے لفظی اور اصلاحی مفہوم بیان کریں۔

جواب: انگریزی میں تعلیم کے لئے لفظ ایجوکیشن (Education) استعمال ہوتا ہے۔ جس کے معنی ترتیب دینا، نشوونما کرنا، مخفی صلاحیتوں کو جلا بخشنا کے ہیں۔

تعلیم کا لفظی معنیٰ: تعلیم عربی کے لفظ علم سے ماخذ ہے علم کے معنی جاننا، پہچاننا یا کسی حقیقت کا ادراک حاصل کرنا ہیں۔

www.pakcity.org
pakcity.org

تعلیم کا اصلاحی معنی: اصلاحی طور پر تعلیم ایسا عمل ہے جس کے ذریعے سے معاشرے کے افراد کی تربیت اور نشوونما کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں افراد کو معاشرے کے کامیاب ارکان کی حیثیت سے زندگی گزارنے کے قابل بنایا جاتا ہے۔

سوال 5: انفارمیشن ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟

جواب: "جدید ٹیکنالوجی (کمپیوٹر، انٹرنیٹ، موبائل وغیرہ) کے ذریعے معلومات کو حاصل کرنا ، دوسروں تک پہنچانا ، ان کو استعمال کرنا ، ان پر سوچنا اور ایک نئے طریقے سے لوگوں کے سامنے رکھنا انفارمیشن ٹیکنالوجی کہلاتا ہے"۔

pakcity.org

سوال 6: نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم کیا کہلاتی ہے؟

جواب: نویں اور دسویں جماعت کی تعلیم کو سکینڈری سکول کی تعلیم یا ہائی سکول کی تعلیم یا میٹرک کی تعلیم کہا جاتا ہے۔ اس تعلیم کا دورانیہ دو سال ہے۔ دو سال مکمل ہونے پر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی طرف سے رزلٹ کارڈ جاری کیا جاتا ہے۔

سوال 7: خصوصی افراد کی تعلیم کیا ہوتی ہے؟

جواب: " ایسی تعلیم جو نابینا، گونگے، بہرے، ذہنی یا جسمانی معذوری کا شکار خصوصی بچوں کو دی جائے۔ اسے سپیشل یا خصوصی افراد کی تعلیم کہتے ہیں۔"

سوال 8: فاصلاتی نظام تعلیم کا تعارف پیش کریں۔

جواب: " ایسی تعلیم جو باقاعدہ کسی تعلیمی ادارے میں جائے بغیر گھر بیٹھے حاصل کی جائے اسے فاصلاتی تعلیم کہتے ہیں۔" اسلام آباد میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملک میں فاصلاتی تعلیم کا بندوبست کرتی ہے۔ جہاں طالب علم گھر بیٹھے میٹرک سے لے کر ایم فل اور پی ایس ڈی تک ڈگریاں حاصل کر رہے ہیں۔ اسی طرز پر قائم ورچول یونیورسٹی اور دیگر یونیورسٹیاں فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے سے سائنس، آرٹس، کمپیوٹر اور دیگر مضامین کی تعلیم تعلیمی سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔

سوال 9: ملاکھڑا کھیل کیسے کھلایا جاتا ہے؟

جواب: ملاکھڑا مقبول عوامی سندھی کُشتی ہے ، جو جاپانی سومو کُشتی کی طرح کھڑے کھڑے حریف کو گرا کر چت کرنے کی کوشش پر مشتمل ہوتی ہے۔ ملاکھڑائی پہلوان سندھ بھر میں میلوں ٹھیلوں میں اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں اور داد پاتے ہیں۔

سوال 10: کھیل اور سیر و سیاحت میں تعلق بیان کریں۔

جواب: کھیل اور سیر و سیاحت دونوں کا شمار صحت مند سرگرمیوں میں ہوتا ہے۔ ان سے نظم و ضبط ، مسائل کا سامنا کرنے کی ہمت اور جذبہ ، ذہنی راحت اور جسمانی ورزش جیسے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ تاریخ اور جغرافیہ کے متعلق معلومات ملتی ہے۔ کھیل اور سیر و سیاحت انسان کی شخصیت کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ جس سے ایک صحت مند معاشرے کے قیام میں مدد ملتی ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org